## طالبانائزیشن کے خطرے سے پاکستان کو بچانے کیلئے ایم کیوایم دن رات عملاً کوششیں کررہی ہے،الطاف حسین
## ایم کیوایم مذہبی اقلیتوں کی جان ومال،انکی عبادت گاہوں اورعزت وآبرو کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپورکرداراداکرتی رہے گی
## نظام عدل ریگولیشن پرایم کیوایم نے جس طرح جراتمندانہ مؤقف اختیارکیاوہ قابل تعریف ہے،فادر مانی
## نائن زیرو پرمسیحی برادری کے نمائندہ وفد سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔25،اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ پاکستان میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے برابر کے پاکستانی ہیں اورایم کیوایم مذہبی اقلیتوں کی جان ومال،انکی عبادت گاہوں اورعزت وآبرو کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپورکرداراداکرتی رہے گی۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیزآبادمیں مسیحی برادری کے نمائندہ وفد سے ٹیلیفون پر گفتگوکرتے ہوئے کہی۔وفد میں پیس اینڈجسٹس کمیشن لاہور کےنیشنل ڈائریکٹرفادرعمانوائیل(فادر مانی)،نارتھ ناظم آباد سینٹ جیوڈز پیرش کیتھولک چرچ کے انچارج فادر پیٹر،محمودآباد پیرش کیتھولک چرچ کے انچارج فادرصالح ڈائیگو،اسسٹنٹ پیرش پریسٹ محمودآبادفادرماریو،این جی اوکارتیاس مسٹرڈومنک،اسسٹنٹ ڈائریکٹرریاض مسیح،پرنسپل سینٹ جیوڈزاسکول نارتھ ناظم آبادافضل جیکب اور پاکستان پیس کمیشن کےلیگل ایڈوائزرعرفان برکت شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےارکان بھی موجودتھے۔جناب الطاف حسین نے اپنی رہائش گاہ آمد پرمسیحی وفد کےارکان کا خیرمقدم کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزررہاہےاورطالبانائزیشن کے خطرے سے پاکستان کو بچانے کیلئے ایم کیوایم دن رات عملاً کوششیں کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم احترام انسانیت پر یقین رکھتی ہے،مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہےاورگزشتہ دنوں تیسرٹاؤن میں مسیحی برادری کی آبادی پرطالبان کے دہشت گردوں کے حملے،چرچ کی دیواروں پراشتعال انگیز نعرے لکھنےاورمسیحی برادری کوعلاقے چھوڑنے کی دھمکیوں پرایم کیوایم کی جانب سےسخت ترین مذمت کی گئی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مسیحی برادری سمیت تمام مذاہب کے مظلوموں کےساتھ ہےاوران کےساتھ کسی بھی ظلم وستم کے خلاف ہرسطح پرآواز بلندکرتی رہے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت عیسیؑ نے امن،محبت،اخوت،جرات اور قربانی کا پیغام دیاہے،ہم اس پیغام کےمطابق جدوجہدکررہے ہیں۔انہوں نے وفد کےارکان سے درخواست کی کہ وہ اپنی عبادات اوردعاؤں میں پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے خصوصی دعائیں کریں اوراپنی دعاؤں میں الطاف حسین اورایم کیوایم کوبھی یادرکھیں۔اس موقع پرپیس اینڈجسٹس کمیشن لاہور کےنیشنل ڈائریکٹرفادرعمانوائیل(فادرمانی)اوروفد کےدیگرارکان نے جناب الطاف حسین سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ آپ نے مذہبی اقلیتوں کے حقوق کیلئے جس طرح ہمت وحوصلہ کےساتھ آوازاٹھائی ہے وہ قابل تعریف ہے اورنظام عدل ریگولیشن پرجس طرح آپ نے جراتمندانہ مؤقف اختیارکیاوہ پاکستان کی 60 سالہ تاریخ میں کسی بھی جماعت نے اختیارنہیں کیااوراس اصولی مؤقف پرآپ کا نام تاریخ میں ہمیشہ یادرکھاجائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم مسیحی برادری اورتمام پاکستانیوں کی جانب سے آپ کوحق پرستانہ مؤقف پردلی تشکرکااظہارکرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم پاکستانی ہیں اورملک میں امن وسکون اورمحبت سے رہناچاہتے ہیں تاکہ پاکستان امن کا گہوارہ بن سکے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ،انیس قائم خانی،رضاہارون اورکیف الوریٰ کا قطراسپتال اور عباسی شہیداسپتال کادورہ،بنارس چوک،اورنگی ٹاؤن،قصبہ کالونی اوردیگرعلاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ اور بہیمانہ تشددکےنتیجےمیں زخمی ہونے والے افرادکی عیادت کی
## مسلح دہشت گردایک سازش کےتحت شہرکاامن خراب کرناچاہتے ہیں اورشہرمیں فسادبرپاکرناچاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی
## شہرکےامن پسندعوام دہشت گردوں کی ان سازشوں کوکامیاب نہیں ہونے دیں گے
## معصوم وبےگناہ شہریوں کودہشت گردی کانشانہ بنانے والوں کوگرفتارکیاجائے اورانکےساتھ قانون کےمطابق نمٹاجائے

کراچی۔۔۔25 اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کےارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ،انیس احمدقائم خانی،رضاہارون اورکیف الوریٰ نے گزشتہ شب اورنگی ٹاؤن کےقطراسپتال اورعباسی شہیداسپتال کادورہ کیااوربنارس چوک،اورنگی ٹاؤن،قصبہ کالونی اورشہرکےدیگرعلاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ اور بہیمانہ تشددکے نتیجےمیں زخمی ہونے والےافرادکی عیادت کی۔زخمیوں میں خواتین بھی شامل تھیں۔رابطہ کمیٹی کےارکان نے زخمیوں سے دلی ہمدردی کااظہارکیااوران کی صحتیابی کی دعاکی۔ انہوں نے اسپتالوں کے ڈاکٹروں سے کہا کہ وہ زخمیوں کےعلاج معالجہ میں کوئی کسرنہ چھوڑیں۔اس موقع پرگفتگوکرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کےارکان نے معصوم وبےگناہ شہریوں

کو بلا جواز تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسلح دہشت گرد ایک سازش کے تحت شہر کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں اور شہر میں فساد برپا کرنا چاہتے ہیں لیکن شہر کے امن پسند عوام دہشت گردوں کی ان سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ سندھ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں معصوم و بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور ان کے ساتھ قانون کے مطابق نمٹا جائے۔

## ایم کیو ایم کے وفد کی اشفاق منگی کی سربراہی میں سائیں جی ایم سید کی 14ویں برسی میں شرکت

کراچی۔۔۔25/اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کی سربراہی میں ایم کیو ایم کے ایک وفد نے جئے سندھ تحریک کے بانی و سندھ کے بزرگ وقوم پرست رہنماء سائیں جی ایم سید کے آبائی گاؤں جا کر انکی 14ویں برسی میں شرکت کی۔ ایم کیو ایم کا وفد گاؤں سن پہنچا تو وہاں جسقم کے چیئرمین عبدالواحد آریسر، جئے سندھ متحدہ محاذ کے سینئر وائس چیئرمین اصغر شاہ، وائس چیئرمین جئے سندھ متحدہ محاذ مظفر بھٹو، جئے سندھ قومی محاذ کے وائس چیئرمین سرائی قربان کوہاٹ نے اپنے کارکنان کے ہمراہ ایم کیو ایم کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔اس موقع پرسن کی فضاء جئے سندھ ، جئے سائیں جی ایم سید اور جئے الطاف ، جئے متحدہ کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی۔ بعدازاں ایم کیو ایم کے وفد نے رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کی سربراہی میں سائیں جی ایم کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سائیں کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ ایم کیو ایم کے وفد میں وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن، اسپیشل مشیر غلام حیدر راہو اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل کے علاوہ ایم کیو ایم دادو اور جامشورو زونل کمیٹی کے اراکین بھی شامل تھے۔ علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے سائیں جی ایم سید مرحوم کی 14ویں برسی کے اجتماع سے خطاب کیا اور سائیں جی ایم سید کی قائدانہ صلاحتوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن کے کارکن ممتاز قائمخانی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔25/اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن ممتاز قائمخانی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25/اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن ممتاز قائم خانی، ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 135-A کے کارکن اکبر حسین کے بھائی محمد شاہد، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن محمد عمران کی والدہ نور بانو، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن محمد علی کے والد فتح محمد، ایم کیو ایم بن قاسم ٹاؤن قائد آباد یوسی 4 کے کارکن نواب زادہ کے والد صاحب زادہ، ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 181 کے کارکن نعمان گل کی والدہ فیروز بیگم، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 119 کے کارکن ندیم احمد کے والد احمد حسین، ایم کیو ایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 53 کمیٹی کے رکن ذوالفقار علی کی والدہ جمیلہ بیگم، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن مصور علی کی اہلیہ آمنہ خاتون، ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 134-C کے کارکن شہزاد خان، شاہد خان کی والدہ نصیر امتیاز، ایم کیو ایم نواب شاہ زون یونٹ 4B کے کارکن محمد مشتاق کے والد امام دین، ایم کیو ایم میر پور خاص زون یونٹ 2-C کے یونٹ انچارج شہباز احمد خان کی والدہ اکرام النساء اور ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کی یونٹ کمیٹی کے رکن سید محمد علی نقوی کی والدہ شمع بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ ( آمین )

**اورنگی ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والی ایم کیوایم کی ہمدرد خاتون محترمہ رضوانہ زوجہ مسعودالرحمٰن کومقامی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا**

**جنازے میں ایم کیوایم کے رکن سندھ اسمبلی سید منظر امام،حق پرست یوسی ناظمین،کونسلروں اورایم کیوایم کے مقامی ذمہ داروں اورکارکنوں سمیت لوگوں کی بڑی تعداد کی شرکت**

**مرحومہ رضوانہ مسعوداورنگی ٹاؤن کے حق پرست کونسلر ندیم ظفر کی پھوپھی ہیں**

**مرحومہ رضوانہ مسعوداپنے بچوں کے ساتھ کوچ میں جارہی تھیں کہ مسلح دہشت گردوں نے کوچ پراندھادھند فائرنگ کردی جسکے نتیجے میں محترمہ رضوانہ مسعودشہید جبکہ انکی دو بیٹیاں 17سالہ مہوش اور8سالہ کہکشاں زخمی ہوگئیں**

کراچی۔۔۔25 اپریل2009ء۔۔جمعہ کی شب اورنگی ٹاؤن کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والی ایم کیوایم کی ہمدرد خاتون محترمہ رضوانہ زوجہ مسعودالرحمٰن کوآج اورنگی ٹاؤن کے مقامی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحومہ کے جنازے میں ایم کیوایم کے رکن سندھ اسمبلی سید منظر امام،حق پرست یوسی ناظمین ، کونسلروں اورایم کیوایم کے مقامی ذمہ داروں اورکارکنوں سمیت لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔مرحومہ رضوانہ مسعوداورنگی ٹاؤن کے حق پرست کونسلر ندیم ظفر کی پھوپھی ہیں۔وہ جمعہ کی شب اپنے بچوں کے ساتھ کوچ میں سوار ہوکراورنگی ٹاؤن سیکٹر12نمبر جارہی تھیں کہ راستے میں مسلح دہشت گردوں نے کوچ پراندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں محترمہ رضوانہ زوجہ مسعودالرحمٰن شہید ہوگئیں جبکہ ان کی دو بیٹیاں 17سالہ مہوش اور8سالہ کہکشاں زخمی ہوگئیں۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے محترمہ رضوانہ کے شوہر مسعودالرحمٰن سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆